





Llywodraeth Cymru
Welsh Government

# ویلش فوائد کا چارٹر

جنوری 2024

# تعارف



**ویلش بینیفٹ چارٹر کے اندر کیے گئے وعدے بنیادی انسانی حقوق اور مساوات کے احترام پر مبنی، ایک ہم آہنگ اور ہمدرد ویلش فوائد سسٹم کے لیے ضروری ہیں۔**

ان وعدوں سے سسٹم تک رسائی میں بہتری آئے گی، جس سے ویلز میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو مالی مدد کے اپنے استحقاق کو حاصل کرنے میں آسانی ہوگی، اور ویلش فوائد کا پورے ویلش میں یکساں اہتمام یقینی بنے گا۔

انہیں اہم اسٹیک ہولڈرز کی شراکت داری میں تیار کیا گیا ہے اور ان کا تعاون کرنے والے افراد اور اور تنظیموں کے تاثرات کی بنیاد پر از سر نو مرتب کیا گیا ہے۔

# پیش لفظ



**Jane Hutt MS**

**وزیر برائے سماجی انصاف اور نگران اعلیٰ**

ایک ہم آہنگ ویلش بینیفٹ سسٹم کی تیاری ویلش حکومت اور دیگر اہم اسٹیک ہولڈرز کی ایک دیرینہ امنگ رہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ویلز میں لوگ ان تمام مالی تعاون کا دعوی کریں جن کے وہ حقدار ہیں۔

تفویض شدہ فوائد اور ادائیگیوں کی فراہمی میں نمایاں فرق کرنے کے لیے، مختلف طبقات سے متعلق شراکت داروں کے ذریعے مشترکہ کوششیں درکار ہوگی، جس میں لوکل اتھارٹی قائدانہ کردار ادا کرے گی۔

ویلش بینیفٹس سسٹم کو مربوط بنانے کے سلسلے میں، ماضی میں پیش قدمی ہوئی ہے، تاہم، کسی حکمت عملی والی پیش رفت نہ ہونے کی وجہ سے یہ کوششیں جزوی اور تدریجی رہی ہیں۔

ہم اس بات سے واقف ہیں کہ ویلش کے ہمارے فوائد، جن میں مفت اسکول کا کھانا، کونسل ٹیکس میں کمی کی اسکیم، اسکولوں کی لازمی گرانٹ، تعلیم سے متعلق اخراجات کا بھتّہ شامل ہیں، ویلز میں لاکھوں لوگوں کے لیے زندگی کا سہارا ہیں۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ یہ تعاون آسانی سے قابل رسائی ہو، ہم ویلش بینیفٹس سسٹم کو رکاوٹوں سے پاک کرنے کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنے اور اسے بہم پہنچانے کے لیے معقول رفتار سے کام کریں گے۔

اس دوران، ویلش حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ ویلش فوائد کے اہتمام کے لیے جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے وہ حقوق اور استحقاقات کی بنیاد پر شخص پر مرکوز اور ہمدردانہ ہو۔

ویلش بینیفٹ چارٹر کی تیاری اور نفاذ اس بات کو یقینی بنانے میں ایک اہم قدم ہے کہ یہ نقطہ نظر پوری طرح جما دیا گیا ہے اور تمام 22 لوکل اتھارٹیز کے ذریعہ چارٹر کو اپنایا جانا صحیح سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ پورے ویلز میں، لوگوں کے لیے مالی مدد تک رسائی کو بہتر بنانے کے اجتماعی عزم کی توثیق کرتا ہے۔

یہ چارٹر اسٹیک ہولڈرز کے ایک گروپ کے ساتھ مل کر، سب سے زیادہ محروم اور نادار لوگوں کی مد د کرنے کی مشترکہ توجہ کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔

میں ان سب لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے اس ترقیاتی کام میں اور تبدیلی اور بہتری لانے کے لیے قائم کردہ ہمارے آمدنی میں اضافہ کرنے کے اسٹیک ہولڈر گروپ کے کام میں شامل رہے ہیں۔

یہ منشور اس بات کی ایک بہترین مثال ہے کہ جب ہم ایک مشترکہ مقصد حصول کے لیے مل کر کام کرتے ہیں تو کیا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

آخر میں، یہ چارٹر سفر کا حصہ ہے نہ کہ اختتامی منزل۔ چارٹر کے وعدوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ ہم اسٹیک ہولڈرز اور لوکل اتھارٹی کے ساتھ اختراعی طو ر پر اور باہمی تعاون سے کام کریں تاکہ انہیں عملی جامہ پہنایا جا سکے۔

# ویلش بنیفٹس چارٹر کے عزائم

## ویلش بینیفٹس سسٹم کا ڈیزائن

**ویلش کی حکومت، لوکل اتھارٹیز، اور فراہمی کے دیگر شراکت داران، اہم اسٹیک ہولڈرز، اور فوائد تک رسائی حاصل کرنے والے افراد ایک جامع نظام کو مرتب کرنے کے لیے باہمی شراکت داری کے ساتھ کام کریں گے جو:**

- ویلش کے فوائد اور گرانٹس کی فراہمی کے سلسلے میں، افراد کے ساتھ امتیازی سلوک کے بغیر وقار اور احترام کا برتاؤ کیے جانے کو یقینی بنانے کے لیے انصاف اور مساوات کا مظاہرہ کرتا ہے۔ 2002 میں ویلش حکومت کے ذریعہ اختیار کردہ معذوری کے سماجی نمونے کی عکاسی کے ذریعے اس کی تائید کی جائے گی[1]۔
- یہ لچکدار ہے اور تمام طریقہ کار کی مطابقت کرنے والے ایک سائز پر مبنی نہیں ہے، اور ویلز میں رہائش پذیر لوگوں کی زندگیوں میں ہونے والی تبدیلیوں اور دباؤ پر فوری طور پر جواب دے سکتا ہے۔
- ان پسماندہ اور محروم طبقات کی ضروریات کو پورا کرتا ہے جو خصوصاً غربت کا سامنا کرنے کے درپے ہوں ، جو کہ مساوات ایکٹ 2010 میں شامل ویلز کے لوگوں کے تنوع کو تسلیم کرتا ہے۔
- لوگوں کو اپنے حقوق کا دعوی کرنے سے باز رکھنے والی رکاوٹوں کی نشان دہی کرتا ہے اور انہیں دور کرتا ہے اور اس مالی مدد تک رسائی حاصل کرنے میں، مستحق لوگوں کی فعال طور پر مدد کرتا ہے۔
- ان لوگوں کے ساتھ طریقہ کار اور نظام کا جائزہ لیتا ہے جو بالآخر عملی جامہ پہنانے سے پہلے ان کا استعمال کریں گے۔
- ممکنہ حد تک بہترین خدمت کی فراہمی میں سہولت کے لیے تاثرات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ان کا جواب دیتا ہے۔
- ویلز میں ایک مثبت تبدیلی پیدا کرتا ہے جو اگلی نسل کی فلاح و بہبود کے قانون کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ 'سب کے لیے خوشحالی: قومی حکمت عملی۔'
- اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ویلش کے نئے فوائد کو حالیہ فراہمیوں میں موجود خامیوں کی نشان دہی کر کے موجودہ تفویض کردہ فوائد کے نظام کی تکمیل کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔
- جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشنز (GDPR) کی مطابقت سے عوامی بھلائی کے لیے ڈیٹا شیئرنگ کا استعمال کرتا ہے۔
- واضح اور قابل رسائی ویلش زبان میں شہریوں کی سسٹم تک رسائی کو فروغ دینے اور سہولت فراہم کرنے کے لیے، ویلش زبان کے معیارات اور ویلش زبان (ویلز) کی پیمائش 2011 کی مطابقت میں کام کرتا ہے۔

---

1 معذوری کا سماجی نمونہ معذوری اور نقص کے درمیان ایک اہم فرق کرتا ہے اور معذوریت کا سبب بننے والی رکاوٹوں کو دور کرنے کی ذمہ داری معاشرے پر ڈالتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں **سماجی نمونہ – اپاہجی ویلز**.
www.disabilitywales.org/social-model

# ویلش بینیفٹس سسٹم کی فراہمی

**ویلش کی حکومت، لوکل اتھارٹیز، اور فراہمی کے دیگر شراکت داران، اہم اسٹیک ہولڈرز، اور فوائد تک رسائی حاصل کرنے والے افراد ایک جامع نظام کو مرتب کرنے کے لیے باہمی شراکت داری کے ساتھ کام کریں گے جو:**

- پورے ویلز میں لوگوں کو مقدم رکھنے والی، خدمت کی فراہمی کے لیے وسائل کو منصفانہ اور موثر طریقے سے مختص کرتا ہے۔
- اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ سب کے ساتھ یکساں، منصفانہ اور بلا امتیاز سلوک کیا جائے اور یہ کہ معذوری کے سماجی نمونے کو تمام ڈیلیوری پارٹنرز کے ذریعے اپنایا جائے۔
- انفرادی ضروریات اور ترجیحات کی تکمیل کے لیے طریقہ کار اور نظاموں کو اپناتا ہے اور ویلش فوائد کے لیے ایک واحد نقطہ رسائی کو یقینی بنانے والے طریقوں کی کھوج لگاتا ہے، جس میں متعدد مواصلاتی چینلز – ڈیجیٹل، فون یا پوسٹل طریقے شامل ہوں گے۔
- ویلز کے لیے ڈیجیٹل سروس کے معیارات کی مطابقت کرتا ہے[2]۔
- دیگر مالی مدد کی اہلیت کی شناخت کی سہولت فراہم کرتا ہے۔
- درج ذیل طریقوں سے بیداری پیدا کرتا ہے اور استحقاق حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے:

i. تمام میڈیا چینلز کا استعمال کرتے ہوئے، استحقاق کے مثبت نقطہ نظر کو فروغ دینے والے اور ایزی ریڈ، بی ایس ایل اور کمیونٹی اور ویلش زبانوں سمیت قابل رسائی فارمیٹس میں مواصلات کی فراہمی۔

ii. اس بات کو یقینی بنانا کہ ویلش فوائد فراہم کرنے والا عملہ باخبر اور تجربہ کار ہے اور تازہ ترین مشورے اور مناسب مدد کی فراہمی میں مسلسل تربیت حاصل کرتا ہے۔

iii. ابتدائی مرحلے میں لوگوں کو آزادانہ مشورے اور مدد کے حوالے کی فراہمی، برائے :

- غربت کے چکر کو توڑنے میں مدد کرتے ہوئے مالی مشکلات کی وجوہات کی نشان دہی کریں اور ان سے نمٹیں؛ اور
- مالی مدد اور فیصلوں پر اپیل کرنے وغیرہ کے لیے اپنی درخواست دینے میں مدد۔

iv. کام اور پنشن کے محکمے (DWP) کے ساتھ مل کر کام کو جاری رکھنا تا کہ بیداری پیدا کی جا سکے اور ویلز میں غیرتفویض شدہ فوائد کو فروغ دیا جا سکے۔

---

2 ویلز کے لیے ڈیجیٹل سروس کے معیارات | ڈیجیٹل عوامی خدمات کے لیے مرکز (https://digitalpublicservices.gov.wales/guidance-and-standards/digital-service-standards-wales)

# چارٹر کے نتائج

- ویلش فوائد کو حاصل کرنے والے لوگوں میں اضافہ ، گھریلو آمدنی میں اضافہ کرنے میں مدد، اور ویلز میں غربت سے نمٹنے میں تعاون۔
- با خبر ویلش پالیسی جس میں شراکت داروں اور افراد اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اس کی ترقی میں شامل کیا گیا ہے۔
- ویلش میں واضح پیغام رسانی اور غیر تفویض شدہ فوائد کے ذریعے فوائد کے استحقاق اور دستیاب تعاون کے بارے میں آگاہی میں بہتری واقع ہوئی ہے، جو مفروضات اور غیر حقیقی تصورات کا مقابلہ بھی کرتا ہے۔
- آمدنی کو میں اضافہ کرنے اور فلاحی فوائد حاصل کرنے کے سے متعلق وعدوں کی تکمیل کی جاتی ہے۔
- غربت ہٹانے اور اسے روکنے کے ہمارے عزام کے ذریعے مالی طور پر لچکدار کمیونٹیز تیار کی جاتی ہیں۔
- کم آمدنی والے گھرانوں کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے نتائج بہتر بنائے جاتے ہیں، جس سے انہیں بہتر مستقبل حاصل کرنے اور اپنی تمام صلاحیتوں کو استعمال کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- ہنگامی امداد جیسے فوڈ بینکوں کی ضرورت میں کمی واقع ہوئی ہے کیونکہ گھرانوں کو مالی طور پر لچکدار بننے میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔
- ویلش حکومت کی بینیفٹ اسکیموں کے ذریعے معاونت یافتہ لوگوں کی تعداد کے حساب سے مستفدین کی پیمائش کی جاتی ہے۔

## چارٹر کو عملی جامہ پہنانا

اس چارٹر کے اندر موجود وعدوں سے اتفاق کرتے ہوئے شراکت دار ویلز کی حکومت کے ساتھ کام کرنے پر اتفاق کر رہے ہیں تاکہ ویلز کے لوگوں کے لیے ایک قابل عمل یکساں با اصول ویلش بینیفٹ سسٹم تیار کرنے کے لیے کارروائی کی جا سکے۔

اس میں کلیدی اقدامات تیار کرنا شامل ہوگا جن پر تبدیلی پیدا کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔

## ہم اس بات کو کیسے یقینی بنائیں گے کہ نتائج حاصل کیے جا رہے ہیں ؟

ویلش حکومت اہم اسٹیک ہولڈرز، ڈیلیوری پارٹنرز اور افراد کی مشاورت سے ایک تشخیصی عملی ڈھانچہ تیار کرے گی۔ معیارات کے ساتھ اس کا موازنہ کیا جائے گا اور باقاعدگی سے اس کی نگرانی کی جائے گی۔

+مقصد کے حصول کے لیے وعدوں اور نتائج کی موزونیت کو یقینی بنانے کے لیے، خود چارٹر کا بھی وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے گا۔

ہم دستخط کنندگان چارٹر میں درج اصولوں سے اتفاق کرتے ہیں اور نتائج کا ادراک کرنے کے لیے ویلش حکومت اور دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

Cyngor Bwrdeistref Sirol Pen-y-bont ar Ogwr / Bridgend County Borough Council

Cyngor Bwrdeisdref Sirol Blaenau Gwent County Borough Council

Cyngor Sir Ynys Môn / Isle of Anglesey County Council

Cyngor Sir Gâr / Carmarthenshire County Council

Cardiff / Caerdydd

Caerphilly County Borough Council / Cyngor Bwrdeistref Sirol Caerffili

Cyngor Sir Ddinbych / Denbighshire County Council

Conwy – Cyngor Bwrdeistref Sirol / County Borough Council

Cyngor Sir Ceredigion County Council

Cyngor Bwrdeistref Sirol Merthyr Tudful / Merthyr Tydfil County Borough Council

Cyngor Gwynedd

Cyngor Sir y Fflint / Flintshire County Council

Cyngor Castell-nedd Port Talbot / Neath Port Talbot Council

monmouthshire / sir fynwy

Powys

Cyngor Sir Penfro – Pembrokeshire County Council

Newport City Council / Cyngor Dinas Casnewydd

Torfaen County Borough / Bwrdeistref Sirol Torfaen

Cyngor Abertawe / Swansea Council

Rhondda Cynon Taf

CLILC / WLGA

wrexham County Borough Council / Cyngor Bwrdeistref Sirol wrecsam

Vale of Glamorgan / Bro Morgannwg

# مزید معلومات

**اس چارٹر کے بارے میں تمام تفتیشات درج ذیل پتے پر بھیجی جائے:**


Tackling Poverty and Supporting Families Division

Welsh Government

Rhydycar Business Park

Merthyr Tydfil

CF48 1UZ

ای میل: **tacklingpovertyandsupportingfamilies@gov.wales**



OGL © کراؤن کاپی رائٹ 2024، ویلش حکومت، WG48975, Print ISBN 978-1-83577-445-8, Digital ISBN 978-1-83577-424-3


Mae’r ddogfen hon ar gael yn Gymraeg hefyd / یہ دستاویز ویلش زبان میں دستیاب ہے

Rydym yn croesawu gohebiaeth a galwadau ffôn yn Gymraeg / ہم ویلش زبان میں خط و کتابت اور ٹیلی فون کالز کا خیر مقدم کرتے ہیں۔